صوفی ازم کے فروغ کا امریکی ایجنڈہ روبہ عمل

تین مزارات کی بحالی کیلئے ڈیڑھ لاکھ ڈالر امریکی امداد

امریکی سفیر نے فنڈ برائے ثقافتی تحفظ کی آڑ میں صوفی ازم کے علمبردار مکاتب فکر کو نوازنے کا بہانہ ڈھونڈ لیا

لاہور (حدیبیہ نیوز) حدیبیہ اخبار میں متواتر لکھا جارہا ہے کہ پاکستان میں صوفی ازم کا فروغ امریکی ایجنڈہ ہے امریکی پالیساں اس موقف کی تائید کرتی نظر آرہی ہیں۔ اخباری خبر کے مطابق گزشتہ دنوں امریکی سفیر این ڈبلیوں پیڑیسن نے فنڈ برائے ثقافتی تحفظ کے تحت پنجاب کے تین صوفیاء کے مزاروں کو تحفظ اور بحالی کیلئے ساڑھے بارہ ملین روپے کی امداد فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ان میں اوچ شریف میں راجن شاہ قتال، ملتان میں موسیٰ پاک شہید اور راجن پور میں خواجہ غلام فرید کے مزارات شامل ہیں۔ امریکی سفیر کے بقول انہیں ان مزارات کی خدمت پر فخر ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ جگہیں صرف پاکستان ہی کا ورثہ نہیں بلکہ عالمی میراث بھی ہیں کیونکہ یہ مزارات فن تعمیر کا نادر نمونہ ہیں۔ قارئین یہ جواز صرف صوفی ازم کے علمبردار مکاتب فکر کو نوازنے کی ایک آڑ ہے اصل مقصد یہی ہے کہ پاکستان میں شرک و بدعات کو فروغ دیا جائے۔

(بشکریہ: ہفت روزہ ''حدیبیہ'' کراچی 26 اپریل تا 10 مئی 2010ء)

مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث میں خطبات جمعۃ المبارک

مورخہ 14 مئی حضرت مولانا محمد یوسف راشد خطیب فیصل آباد موضوع ''صبر کا بدلہ جنت''

مورخہ 21 مئی حضرت مولانا سید عبدالغفور شاہ خطیب سوئنگیں حافظ آباد موضوع ''عالم برزخ کا تعارف''

مورخہ 28 مئی حضرت مولانا محمد عمر ربانی خطیب گوجرانوالہ موضوع ''حجیت حدیث''

مورخہ 4 جون حضرت مولانا محمد اشرف اوکاڑوی خطیب اسلام گڑھ موضوع ''حقوق والدین''

مورخہ 11 جون حضرت مولانا قاری محمد اعظم عارف خطیب میرپور موضوع ''مصائب کے اسباب اور ان کا حل''

مرکزی جامع مسجد اہل حدیث کی بیسمنٹ میں **حرمین مارکیٹ** کا شاندار افتتاح

مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث کی تعمیر نو میں تہہ خانے کا اضافہ کیا گیا ہے جس میں حرمین مارکیٹ کے نام سے جہلم میں ایک نیا کاروباری مرکز قائم ہوگیا ہے مورخہ 5 جون کو صبح 11 بجے اس کا شاندار افتتاح رئیس الجامعہ نے کیا، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلامی اصولوں کے مطابق اگر تجارت کی جائے تو اللہ رب العزت حلال، طیب اور پاکیزہ رزق عطا فرماتے ہیں جس میں برکت اور قناعت کی دولت ہوتی ہے، اس موقع پر انجمن اہل حدیث جہلم کے صدر سید یونس علی شاہ بخاری ایڈووکیٹ، شیخ محمد اسحاق، ارشد محمود زرگر، محمد افضل لون، محمد ارشد سیٹھی، عمران صادق، زاہد افضل، وحید ریاض، محمد خورشید (جیولرز) مرکزی انجمن تاجران کے نائب صدر شیخ محمد جاوید کے علاوہ بڑی تعداد میں تاجروں اور دیگر احباب نے شرکت کی۔